ان بھلائیوں سے نواز دے جنکا علم تیرے سوا اور کسی کو نہیں ہے اور ان برائیوں کو مجھ سے

عَنِّىْ مِنَ السُّوْٓءِ مَا لَا يَعْلَمُ عِلْمَهٗٓ اِلَّآ اَنْتَ *

(پھیر) دور فرما دے جنکا علم بھی تیرے سوا کسی اور کو نہیں

اَللّٰهُمَّ يَا مَنْ وَّهَبَ لِسَيِّدِنَا اٰدَمَ سَيِّدَنَا شِيْثَ

اے اللہ اور اے وہ جس نے ہمارے آقا آدم علیہ السلام کو (فرزند) ہمارے آقا شیث علیہ السلام عطا فرمایا

وَلِسَيِّدِنَا اِبْرَاهِيمَ سَيِّدَنَا اِسْمٰعِيلَ وَسَيِّدَنَا اِسْحٰقَ *

اور ہمارے آقا ابراہیم کو سیدنا اسماعیل و سیدنا اسحاق علیہم السلام عطافرمائے

وَرَدَّ سَيِّدَنَا يُوسُفَ عَلٰى سَيِّدِنَا يَعْقُوبَ وَيَا مَنْ

اور سیدنا یوسف علیہ السلام کو سیدنا یعقوب علیہ السلام کے پاس واپس بھجوایا

كَشَفَ الْبَلَآءَ عَنْ سَيِّدِنَا اَيُّوبَ * وَيَا مَنْ رَدَّ سَيِّدَنَا مُوسٰى

اور اے وہ پروردگار جس نے سیدنا ایوب علیہ السلام کی آزمائشوں کو ختم فرمایا اور اے وہ پروردگار جس نے سیدنا موسیٰ علیہ السلام

اِلٰى اُمِّهٖ وَيَا زَائِدَ سَيِّدِنَا الْخَضِرِ فِىْ عِلْمِهٖ وَيَا مَنْ

کو انکی والدہ کو واپس لوٹایا اوراے وہ پروردگار کے پاس جس نے سیدنا خضر علیہ السلام کے علم میں اضافہ فرمایا۔

وَّهَبَ لِسَيِّدِنَا دَاوٗدَ سَيِّدَنَا سُلَيْمَانَ وَلِسَيِّدِنَا زَكَرِيَّآءَ

اور اے وہ پروردگار جس نے سیدنا داؤد کو سیدنا سلیمان اور سیدنا زکریا

سَيِّدَنَا يَحْيٰى * وَلِسَيِّدَتِنَا مَرْيَمَ سَيِّدَنَا عِيسٰى وَيَا حَافِظَ ابْنَةِ

کو سیدنا یحییٰ علیہم السلام جیسے بیٹے عطافرمائے اور ہماری محترم سیدہ مریم علیہا السلام کو سیدنا عیسیٰ علیہ السلام جیسا بیٹا عطا فرمایا۔

سَيِّدِنَا شُعَيْبٍ * اَسْاَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

سیدنا شعیب علیہ السلام کی محترم صاحبزادی کی نگہبانی فرمانے والے پروردگار میں تجھ سے دعا کرتا ہوں کہ ہمارے آقا محمد ﷺ اور تمام انبیاء ومرسلین (ان سب پر)

جَمِيعِ النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَيَا مَنْ وَّهَبَ لِسَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) (اے) وہ پروردگار جس نے ہمارے آقا محمد ﷺ کو

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ الشَّفَاعَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيعَةَ

منصب شفاعت اور اعلیٰ مقام عطا فرمایا میری تمنا اور دعا یہ ہے

اَنْ تَغْفِرَ لِیْ ذُنُوْبِیْ وَتَسْتُرَ لِیْ عُیُوْبِیْ كُلَّهَا وَتُجِيْرَنِیْ

کہ میرے گناہوں کو معاف فرمادے اور میرے تمام عیبوں (کوتاہیوں) کی پردہ پوشی فرما اور مجھے دوزخ (کے عذاب سے)

مِنَ النَّارِ وَتُوْجِبَ لِیْ رِضْوَانَكَ وَاَمَانَكَ وَغُفْرَانَكَ

پناہ دیدے (بچا لے) اور میرے لئے اپنی رضا اپنی امان اور بخشش اور

وَاِحْسَانَكَ وَتُمَتِّعَنِیْ فِیْ جَنَّتِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ

اپنے احسان کو لازم (یقینی) فرما دے۔ اور جنت میں مجھے انکی رفاقت نصیب فرما جن پر تو نے اپنا انعام

عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ *

فرمایا یعنی انبیاء صدیقین شہداء اور اپنے نیکو کار بندوں کے ساتھ (میرا حشر فرمانا)

اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ *

بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے

وَصَلَّى اللهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ مَا اَزْعَجَتِ

اور اللہ تعالٰی کے درود (اسکی رحمتیں) نازل ہوں ہمارے آقا محمد ﷺ اور آپ کی مقدس آل پر جب تک کہ ہوائیں

الرِّيَاحُ سَحَابًا رُّكَامًا وَّذَاقَ كُلُّ ذِیْ رُوْحٍ حِمَامًا

گھنگھور گھٹاؤں کو اٹھاتی رہیں اور ہر جاندار موت کا مزہ چکھے

وَّاَوْصِلِ السَّلَامَ لِاَهْلِ السَّلَامِ فِیْ دَارِ السَّلَامِ تَحِيَّةً وَّسَلَامًا *

ہمارا سلام جنت میں سلامتی کے مستحق لوگوں کو پہنچا تحیت اور سلامتی کی دعاؤں کے ساتھ

اَللّٰهُمَّ اَفْرِدْنِیْ لِمَا خَلَقْتَنِیْ لَهٗ وَلَا تَشْغَلْنِیْ بِمَا تَكَفَّلْتَ لِیْ

اے اللہ تو نے مجھے جس کام کے لئے پیدا فرمایا اس میں تو مجھے مشغول کردے۔ اور تو مجھے اس کام میں نہ لگا جس کا تو نے ذمہ لیا ہے



بِهٖ وَلَا تَحْرِمْنِيْ وَاَنَا اَسْاَلُكَ وَلَا تُعَذِّبْنِيْ وَاَنَا

(فکر معاش) مجھے محروم نہ فرمانا پروردگار! میں تجھ سے بخشش کا طلبگار ہوں اور یہی میری دعا ہے کے

اَسْتَغْفِرُكَ * ثَلٰثًا (تین بار پڑھیں)

مجھے عذاب میں مبتلا نہ کرنا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ *

اے اللہ درود و سلام بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر اور آپکی مقدس آل پر

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ وَاَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِحَبِيْبِكَ الْمُصْطَفٰى عِنْدَكَ

اے اللہ تیری بارگاہ میں سوالی بن کر تجھی سے لو لگا کر تیرے محبوب تیرے نبی کریم رؤف الرحیم ﷺ کا وسیلہ لیکر حاضر ہوا ہوں

يَا حَبِيْبَنَا يَا سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا اِنَّا نَتَوَسَّلُ بِكَ اِلٰى رَبِّكَ

اے ہمارے محبوب! ہمارے آقا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم! آپکے رب کی بارگاہ میں ہم آپکا وسیلہ بنا کر دعا کر رہے ہیں

فَاشْفَعْ لَنَا عِنْدَ الْمَوْلَى الْعَظِيْمِ يَانِعْمَ الرَّسُوْلُ الطَّاهِرُ *

اس عظیم المرتبت پروردگار کی بارگاہ میں آپ ہماری شفاعت (سفارش) فرمائیں اے طاہر و مطہر رسول ﷺ (ہماری التجا کو سن لیجئے)

اَللّٰهُمَّ شَفِّعْهُ فِيْنَا بِجَاهِهٖ عِنْدَكَ * ثَلٰثًا (تین بار پڑھیں)

اے اللہ تیری بارگاہ میں جو انکا مرتبہ و منزلت ہے اسکے طفیل ہمارے حق میں انکی شفاعت (سفارش) قبول فرما

وَاجْعَلْنَا مِنْ خَيْرِ الْمُصَلِّيْنَ وَالْمُسَلِّمِيْنَ عَلَيْهِ * وَمِنْ خَيْرِ

پروردگار! تو ہمیں اس ذاتِ اقدس پر بہترین درود و سلام پڑھنے والا بنادے (پروردگار) ہمیں انکی بارگاہ کا

الْمُقَرَّبِيْنَ مِنْهُ وَالْوَارِدِيْنَ عَلَيْهِ وَمِنْ اَخْيَارِ الْمُحِبِّيْنَ

بہترین مقرب انکی بارگاہ میں (مؤدب) حاضری دینے والا ان سے پر خلوص محبت کرنے والا

فِيْهِ وَالْمَحْبُوْبِيْنَ لَدَيْهِ * وَفَرِّحْنَا بِهٖ فِيْ عَرَصَاتِ

اور انکے محبوب (پسندیدہ) لوگوں میں بنادے اور میدان محشر میں (جنت کی بشارت کی) خوشیاں

الْقِيٰمَةِ * وَاجْعَلْهُ لَنَا دَلِيْلًا اِلٰى جَنَّةِ النَّعِيْمِ بِلَا

عطا فرما (پروردگار) انکی ﷺ رہنمائی میں ہمیں جنت میں پہنچانا

مُؤْنَةٍ وَّلَا مَشَقَّةٍ وَّلَا مُنَاقَشَةِ الْحِسَابِ وَاجْعَلْهُ

(تاکہ) بغیر محنت و مشقت اور حساب و کتاب کے بے کھٹکے (جنت میں داخل ہوں) (پروردگار) انہیں ہماری طرف

مُقْبِلًا عَلَيْنَا * وَلَا تَجْعَلْهُ غَاضِبًا عَلَيْنَا * وَاغْفِرْ لَنَا

توجہ دینے والا بنا اور انہیں ہم پر غضب کرنے والا نہ بنا (پروردگار) ہماری

وَلِوَالِدِيْنَا وَلِجَمِيْعِ الْمُسْلِمِيْنَ الْاَحْيَآءِ مِنْهُمْ وَالْمَيِّتِيْنَ

ہمارے والدین تمام مومنین و مؤمنات زندوں یا جو فوت ہوئے سبکی مغفرت فرما

وَاٰخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ *

اے پروردگار ہماری دعا کا آخر یہ ہے کہ تمام تعریفیں اس اللہ کریم کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کا رب ہے (درجہ کمال تک پہنچانے والا ہے)

اِبْتِدَآءُ الرُّبُعِ الرَّابِعِ

ابتداء آخری چوتھائی حصے کی

فَاَسْاَلُكَ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ

لہذا میں سوالی بنکر (تیری بارگاہ میں) عرض کرتا ہوں اے اللہ۔ اے اللہ۔ اے اللہ اے حیّ۔ اے قیوم

يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ * لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ

اے بزرگی اور عزت والے (پروردگار) تیرے سوا کوئی معبود (حقیقی) نہیں تیرے ہی لئے تقدس (پاکی) ہے

إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِينَ *

بیشک میں ہی ظالموں میں سے ہوں (مجھ گنہگار کی بھی سن لے)

أَسْأَلُكَ بِمَا حَمَلَ كُرْسِيُّكَ مِنْ عَظَمَتِكَ وَجَلَالِكَ

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں جس کرسی تیری عظمت، جلال،

وَبَهَائِكَ وَقُدْرَتِكَ وَسُلْطَانِكَ وَبِحَقِّ

نور، قدرت، سلطنت کے طفیل، جنکی حامل تیری کرسی ہے، پروردگار میں تیرے ان مقدس

أَسْمَائِكَ الْمَخْزُونَةِ الْمَكْنُونَةِ الْمُطَهَّرَةِ الَّتِي

ناموں کا واسطہ دیتا ہوں جو پوشیدہ ہیں اور ان سے تیری مخلوق

لَمْ يَطَّلِعْ عَلَيْهَا أَحَدٌ مِّنْ خَلْقِكَ وَبِحَقِّ الْاِسْمِ الَّذِي

میں سے کوئی واقف نہیں اور اس نام اقدس کے وسیلہ سے دعا کرتا ہوں

وَضَعْتَهُ عَلَى اللَّيْلِ فَأَظْلَمَ وَعَلَى النَّهَارِ فَاسْتَنَارَ

جس کو تو نے رات پر رکھا تو وہ اندھیری ہوگئی اور دن پر رکھا تو وہ روشن ہوگیا۔

وَعَلَى السَّمٰوَاتِ فَاسْتَقَلَّتْ وَعَلَى الْاَرْضِ فَاسْتَقَرَّتْ

اور آسمانوں پر رکھا تو وہ (بلا ستوں) قائم ہوگئے اور زمین پر رکھا تو وہ ٹھہر گئی

وَعَلَى الْبِحَارِ فَانْفَجَرَتْ وَعَلَى الْعُيُونِ فَنَبَعَتْ

اور دریاؤں پر رکھا تو وہ جاری ہوگئے چشموں پر رکھا تو وہ ابل پڑے

وَعَلَى السَّحَابِ فَأَمْطَرَتْ *

اور بادلوں پر رکھا تو وہ برس پڑے

وَاَسْاَلُكَ بِالْاَسْمَآءِ الْمَكْتُوْبَةِ فِىْ جَبْهَةِ

اوران مقدس ناموں کے طفیل دعا کرتا ہوں جو کی پیشانی پر لکھے ہوئے ہیں

سَيِّدِنَا جِبْرِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الْمَكْتُوْبَةِ

ہمارے سردار جبریل امین (علیہ السلام) کی اور ان مقدس ناموں کے طفیل جو

فِىْ جَبْهَةِ سَيِّدِنَا اِسْرَافِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَعَلٰى جَمِيْعِ

ہمارے سردار اسرافیل (علیہ السلام) کی پیشانی پر لکھے ہوئے ہیں اوران مقدس ناموں کے طفیل جو تمام

الْمَلَآئِكَةِ وَاَسْاَلُكَ بِالْاَسْمَآءِ الْمَكْتُوْبَةِ حَوْلَ

ملائکہ (علیہم السلام) کی پیشانیوں پر لکھے ہوئے ہیں اوران مقدس ناموں کے وسیلہ سے دعا کرتا ہوں جو عرش (عظیم) کے

الْعَرْشِ وَبِالْاَسْمَآءِ الْمَكْتُوْبَةِ حَوْلَ الْكُرْسِيِّ *

گرد لکھے ہوئے ہیں اور ان مقدس ناموں کے طفیل جو کرسی کے گرد لکھے ہوئے ہیں

وَاَسْاَلُكَ بِاسْمِكَ الْعَظِيْمِ الْاَعْظَمِ الَّذِىْ

اے اللہ میں تجھ سے التجا کرتا ہوں تیرے اس مقدس نام (اسم اعظم) کے طفیل

سَمَّيْتَ بِهٖ نَفْسَكَ وَاَسْاَلُكَ بِحَقِّ اَسْمَآئِكَ

جس سے تو نے اپنی ذات کو موسوم فرمایا (اوراے پروردگار) میں تیری بارگاہ میں طلبگار بن کر حاضر ہوں

كُلِّهَا مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ وَاَسْاَلُكَ

تیرے ان تمام مقدس ناموں کے طفیل جس سے میں واقف ہوں یا نہیں (اے پروردگار) میں تجھ سے

بِالْاَسْمَآءِ الَّتِىْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا اٰدَمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ *

ان مقدس ناموں کے طفیل مانگنے آیا ہوں جن پاکیزہ ناموں کو لیکر ہمارے آقا آدم علیہ السلام نے دعا کی تھی



* وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِيْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا نُوْحٌ عَلَيْهِ السَّلَامُ

اوران پاکیزہ ناموں کے طفیل دعا کرتا ہوں جنکو لیکر ہمارے آقا نوح علیہ السلام نے دعا کی تھی

* وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِيْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا صَالِحٌ عَلَيْهِ السَّلَامُ

اوران پاکیزہ ناموں کے وسیلہ سے دعا کرتا ہوں جن ناموں کو لیکر ہمارے آقا صالح علیہ السلام نے دعا کی تھی

* وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِيْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا يَعْقُوْبُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

اوران پاکیزہ ناموں کے وسیلہ سے دعا کرتا ہوں جن ناموں کو لیکر ہمارے آقا یعقوب علیہ السلام نے دعا کی تھی

* وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِيْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا يُوْسُفُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

اوران مقدس ناموں کے واسطہ سے دعا کرتاہوں جن کے وسیلہ سے ہمارے آقا یوسف علیہ السلام نے دعا کی تھی

* وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِيْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا يُوْنُسُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

اوران مقدس ناموں کے وسیلہ سے دعا کرتا ہوں جن کے وسیلہ سے ہمارے آقا یونس علیہ السلام نے دعا کی تھی

* وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِيْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ

اوران مقدس ناموں کے واسطہ سے دعا کرتا ہوں جن ناموں کو لیکر ہمارے آقا موسیٰ علیہ السلام نے دعا کی تھی

* وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِيْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا هَارُوْنُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

اوران مقدس ناموں کے وسیلہ سے دعا کرتا ہوں جنکے واسطہ سے ہمارے آقا ہارون علیہ السلام نے دعا کی تھی

* وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِيْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا شُعَيْبٌ عَلَيْهِ السَّلَامُ

اوران مقدس ناموں کے ذریعے دعا کرتا ہوں جنکے ذریعہ ہمارے آقا شعیب علیہ السلام نے دعا کی تھی

* وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِيْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا اِبْرَاهِيْمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

اوران مقدس ناموں کے وسیلہ سے دعا کرتا ہوں جن ناموں کو لیکر ہمارے آقا ابراہیم علیہ السلام نے دعا کی تھی

وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَیِّدُنَا اِسْمٰعِیْلُ عَلَیْهِ السَّلَامُ *

اوران مقدس ناموں کے واسطہ سے دعا کرتا ہوں جن ناموں کے طفیل ہمارے آقا اسماعیل علیہ السلام نے دعا کی تھی

وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَیِّدُنَا دَاوٗدُ عَلَیْهِ السَّلَامُ *

اوران مقدس ناموں کے طفیل دعا کرتا ہوں جن ناموں کے وسیلہ سے ہمارے آقا داوٗد علیہ السلام نے دعا کی تھی

وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَیِّدُنَا سُلَیْمَانُ عَلَیْهِ السَّلَامُ *

اوران مقدس ناموں کے واسطہ سے دعا کرتا ہوں جن کے واسطہ سے ہمارے آقا سلیمان علیہ السلام نے دعا کی تھی

وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَیِّدُنَا زَكَرِیَّآءُ عَلَیْهِ السَّلَامُ *

اوران مقدس ناموں کے طفیل میں بھی تیری بارگاہ میں دعا کرتا ہوں جنکے ساتھ ہمارے آقا زکریا علیہ السلام نے دعا کی تھی

وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَیِّدُنَا یَحْیٰی عَلَیْهِ السَّلَامُ *

اوران مقدس ناموں کے واسطہ سے میں بھی تیری بارگاہ میں دعا کرتا ہوں جنکے ساتھ ہمارے آقا یحیٰی علیہ السلام نے دعا کی تھی

وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَیِّدُنَا یُوْشَعُ عَلَیْهِ السَّلَامُ *

اورتیرے ان مقدس ناموں کو لیکر میں بھی دعا کرتا ہوں جن کو لیکر ہمارے آقا یوشع علیہ السلام نے دعا کی تھی

وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَیِّدُنَا اَلْخَضِرُ عَلَیْهِ السَّلَامُ *

اورمیں بھی انہیں مقدس ناموں کے واسطے سے دعا کرتا ہوں جنکے واسطے سے ہمارے آقا خضر علیہ السلام نے دعا کی تھی

وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَیِّدُنَا اِلْیَاسُ عَلَیْهِ السَّلَامُ *

اورمیں انہیں مقدس ناموں کے وسیلہ سے دعا کرتاہوں جن ناموں کے وسیلہ سے ہمارے آقا الیاس علیہ السلام نے دعا کی تھی

وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَیِّدُنَا اَلْیَسَعُ عَلَیْهِ السَّلَامُ *

اورتیرے مقدس ان ناموں کو لیکر میں بھی تجھ سے دعا کرتا ہوں جن ناموں کو لیکر ہمارے آقا الیسع علیہ السلام نے دعا کی تھی



وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِيْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا ذُوالْكِفْلِ عَلَيْهِ السَّلَامُ *

اوران مقدس ناموں کے واسطہ سے میں بھی دعا کرتا ہوں جن ناموں کے واسطہ سے ہمارے آقا ذوالکفل علیہ السلام نے دعا کی تھی

وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِيْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا عِيْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ *

اور میری دعا بھی ان مقدس ناموں کے وسیلہ سے قبول فرما جنہیں لیکر ہمارے آقا عیسیٰ علیہ السلام نے دعا کی تھی

وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِيْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا مُحَمَّدٌ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

(اے پروردگار) میری دعاؤں کو ان مقدس ناموں کے طفیل قبولیت عطا فرما جن ناموں کو لیکر ہمارے آقا ومولیٰ محمد مصطفیٰ ﷺ نے دعائیں فرمائیں

نَبِيُّكَ وَرَسُوْلُكَ وَحَبِيْبُكَ وَصَفِيُّكَ يَامَنْ قَالَ وَقَوْلُهُ

جو تیرے نبی و رسول ہیں تیرے حبیب اور تیرے برگزیدہ ہیں اے وہ ذات جس نے (جو کچھ) فرمایا اور اسکا

الْحَقُّ وَاللهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ وَلَا يَصْدُرُ عَنْ اَحَدٍ

فرمایا ہوا حق ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں اور تمہارے اعمال کو پیدا فرمایا ہے اور کسی بندے سے ایسا کوئی عمل

مِّنْ عَبِيْدِهٖ قَوْلٌ وَّلَا فِعْلٌ وَّلَا حَرَكَةٌ وَّلَا سُكُوْنٌ اِلَّا

کوئی حرکت و سکون ایسا نہیں ہوتا جو اسکے علم اور اسکی

وَقَدْ سَبَقَ فِيْ عِلْمِهٖ وَقَضَآئِهٖ وَقَدْرِهٖ كَيْفَ يَكُوْنُ

قضا و قدر میں پہلے سے متعین نہ ہو کہ یہ کام کس طرح ہوگا (مصنف رحمۃ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں)

كَمَآ اَلْهَمْتَنِيْ وَقَضَيْتَ لِيْ (بِجَمْعِ) بِقِرَآءَةِ هٰذَا

جیسا کہ تو نے اس کتاب (دلائل الخیرات) کو جمع (پڑھنے کے لئے) میرے دل میں ڈالا (جذبہ پیدا فرمایا)

الْكِتَابِ وَيَسَّرْتَ عَلَيَّ فِيْهِ الطَّرِيْقَ وَالْاَسْبَابَ وَ

اور اس سلسلہ میں طریقے اور اسباب کو میرے لئے آسان فرمایا

نَفَیْتَ عَنْ قَلْبِیْ فِیْ ھٰذَا النَّبِیِّ الْکَرِیْمِ الشَّکَّ

اور میرے دل میں ان نبی کریم ﷺ کی طرف سے تمام شکوک و شبہات کو دور فرما دیا

وَالْاِرْتِیَابَ وَغَلَّبْتَ حُبَّہٗ عِنْدِیْ عَلٰی حُبِّ جَمِیْعِ

اور میرے دل میں انکی محبت کو غالب فرمادیا تمام

الْاَقْرِبَآءِ وَالْاَحِبَّآءِ اَسْاَلُکَ یَآ اَللّٰہُ یَآ اَللّٰہُ یَآ اَللّٰہُ

رشتہ داروں اور دوستوں پر میں سوال کرتا ہوں اے اللہ اے اللہ اے اللہ

اَنْ تَرْزُقَنِیْ وَکُلَّ مَنْ اَحَبَّہٗ وَاتَّبَعَہٗ شَفَاعَتَہٗ وَ

کہ مجھے اور ہر اس شخص کو جو آپ سے محبت رکھتا ہو اور آپکی اتباع کرتا ہو ہم سب کو قیامت کے دن آپ ﷺ

مُرَافَقَتَہٗ یَوْمَ الْحِسَابِ مِنْ غَیْرِ مُنَاقَشَۃٍ وَّلَا عَذَابٍ

کی شفاعت اور رفاقت سے بہرہ مند فرمانا جو بغیر رنج اور بغیر جھڑکیاں کھائے

وَّلَا تَوْبِیْخٍ وَّلَا عِتَابٍ وَّاَنْ تَغْفِرَلِیْ ذُنُوْبِیْ وَتَسْتُرَ

بغیر عتاب کے ہو (پروردگار) میرے گناہوں کو معاف فرما میرے

عُیُوْبِیْ یَا وَهَّابُ یَا غَفَّارُ *

عیبوں کو چھپالے اے بخشنے والے اور معاف فرمانے والے

وَاَنْ تُنَعِّمَنِیْ بِالنَّظَرِ اِلٰی وَجْهِکَ الْکَرِیْمِ فِیْ جُمْلَۃِ

اور اے اللہ تو اس دن جب تو اجر و ثواب میں اضافہ فرمائیگا مجھے اور میرے تمام

الْاَحْبَابِ یَوْمَ الْمَزِیْدِ وَالثَّوَابِ وَاَنْ تَتَقَبَّلَ مِنِّیْ عَمَلِیْ

میرے احباب کو اپنے دیدار سے مشرف فرمانا اور تو میرے اعمال کو قبول فرما

وَاَنْ تَعْفُوَ عَمَّا اَحَاطَ عِلْمُكَ بِهٖ مِنْ خَطِيْئَتِيْ وَنِسْيَانِيْ

اور میری ان خطاؤں کوتاہیوں اور میری (اس) بھول کو جو تیرے علم میں ہے

وَزَلَلِيْ وَاَنْ تُبَلِّغَنِيْ مِنْ زِيَارَةِ قَبْرِهٖ وَالتَّسْلِيْمِ عَلَيْهِ

معاف فرما اور مجھے روضہ اقدس کی زیارت انکی بارگاہ میں سلام اور ان کے دونوں ساتھیوں کی بارگاہ میں

وَعَلٰى صَاحِبَيْهِ غَايَةَ اَمَلِيْ بِمَنِّكَ وَفَضْلِكَ وَجُوْدِكَ

(خراج عقیدت) اور سلام پیش کرنے کی توفیق عطا فرما یہ میری تمنا اور آرزو ہے جس کو تو اپنے فضل

وَكَرَمِكَ يَارَءُوْفُ يَارَحِيْمُ يَاوَلِيُّ *

وکرم سے پورا فرما اے مہربانی فرمانے والے اے رحم فرمانے والے اے کارساز

وَاَنْ تُجَازِيَهٗ عَنِّيْ وَعَنْ كُلِّ مَنْ اٰمَنَ بِهٖ وَاتَّبَعَهٗ

اور ان کو میری طرف سے اور ان سبکی طرف سے جو ایمان لائے

مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْيَآءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ

اور ان مسلمان مرد و خواتین زندوں یا انکی طرف سے جو انتقال کر گئے

اَفْضَلَ وَاَتَمَّ وَاَعَمَّ مَاجَازَيْتَ بِهٖ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ

وہ افضل مکمل اور ایسی عام جزا جو تو نے اپنی مخلوق میں سے کسی کو عطا فرمائی ہو

يَاقَوِيُّ يَاعَزِيْزُ يَاعَلِيُّ *

اے قوت والے اے سب پر غالب اے سب سے برتر (پروردگار)

اَللّٰهُمَّ وَاَسْاَلُكَ بِحَقِّ مَا اَقْسَمْتُ بِهٖ عَلَيْكَ اَنْ تُصَلِّيَ

اے اللہ میں تیری بارگاہ میں عرض گزار ہوں ان مقدس ناموں کے طفیل جنکا میں نے وسیلہ پکڑا ہے تو

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ

درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ اور مقدس آل محمد ﷺ پر اس تعداد میں جن چیزوں

مِنْ قَبْلِ اَنْ تَکُوْنَ السَّمَآءُ مَبْنِیَّةً وَّالْاَرْضُ مَدْحِیَّةً

کو تو نے پیدا فرمایا آسمانوں کو بنانے سے پہلے اور زمین کو بچھانے سے پہلے پہاڑوں

وَّالْجِبَالُ عُلُوِیَّةً وَّالْعُیُوْنُ مُنْفَجِرَةً وَّالْبِحَارُ مُسَخَّرَةً

کو بلند کرنے چشموں کے جاری کرنے دریاؤں سمندر کو مسخر

وَّالْاَنْهَارُ مُنْهَمِرَةً وَّالشَّمْسُ مُضْحِیَةً وَّالْقَمَرُ مُضِیْئًا وَّالنَّجْمُ

نہروں کو رواں سورج کو تابانی بخشی ہو اور چاند کو منور ستاروں کو جگمگایا

مُنِیْرًا وَّلَا یَعْلَمُ اَحَدٌ حَیْثُ تَکُوْنُ اِلَّآ اَنْتَ *

اور اس وقت تیرے سوا کوئی تیری شان سے واقف نہ تھا

وَاَنْ تُصَلِّیَ عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ عَدَدَ کَلَامِكَ *

اے اللہ درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ اور انکی مقدس آل پر اپنے کلمات کی تعداد میں۔

وَاَنْ تُصَلِّیَ عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ عَدَدَ اٰیَاتِ الْقُرْاٰنِ وَحُرُوْفِهٖ *

اے اللہ درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ اور انکی آل پر قرآن کریم کی آیات اور حروف کی تعداد کے مطابق۔

وَاَنْ تُصَلِّیَ عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ عَدَدَ مَنْ یُّصَلِّیْ عَلَیْهِ

اور اس ذات اقدس (ﷺ) پر انکی آل پر درود پڑھنے والوں کی تعداد کے مطابق

وَاَنْ تُصَلِّیَ عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ عَدَدَ مَنْ لَّمْ یُصَلِّ عَلَیْهِ

اور اس ذات اقدس (ﷺ) پر انکی آل پر درود شریف نہ پڑھنے والوں کی تعداد کے مطابق

وَاَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ مِلْأَ اَرْضِكَ *

اے اللہ درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ کی ذات اقدس پر اور آپکی مقدس آل پر زمین کی وسعتوں کے مطابق

وَاَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ مَا جَرٰى بِهِ الْقَلَمُ فِيْ

اے اللہ درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) آپ ﷺ کی ذات اقدس پر آپکی مقدس آل پر قلم کی اس تحریر کے مطابق

اُمِّ الْكِتَابِ *

جو اس نے لوح محفوظ میں لکھی

وَاَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ فِيْ سَبْعِ سَمٰوَاتِكَ *

اے اللہ درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) آپ ﷺ اور آپکی مقدس آل پر اس مخلوق کی تعداد میں جو تونے ساتوں آسمانوں میں تخلیق فرمائی

وَاَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ مَا اَنْتَ خَالِقُهٗ فِيْهِنَّ

اے اللہ درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) آپ ﷺ اور آپکی مقدس آل پر اس مخلوق کی تعداد میں جنہیں تو

اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ *

(آسمانوں میں) قیامت تک پیدا فرمائیگا ہر دن میں ہزار بار

وَاَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ قَطْرِ الْمَطَرِ وَكُلِّ قَطْرَةٍ

اے اللہ درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) آپ ﷺ اور آپکی مقدس آل پر بارش کی بوندوں کی تعداد میں اور ہر اس بوند

قَطَرَتْ مِنْ سَمَآئِكَ اِلٰى اَرْضِكَ مِنْ يَّوْمَ خَلَقْتَ

کی تعداد کے مطابق جو تیرے آسمان سے تیری زمین پر ٹپکی اس دن سے جس

الدُّنْيَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ *

دن سے تو نے یہ دنیا بنائی قیامت کے دن تک ہر دن میں ہزار بار



اَلْحِزْبُ السَّابِعُ مِنَ الْاَحْزَابِ الثَّامِنْ

آٹھ احزاب میں سے ساتواں حزب

وَاَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ عَدَدَ مَنْ سَبَّحَكَ وَقَدَّسَكَ

اور (اے اللہ) تو درود بھیج ان نبی ﷺ پر اور انکی مقدس آل پر مطابق تیری تسبیح و تقدیس

وَسَجَدَ لَكَ وَعَظَّمَكَ مِنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَآ اِلٰى

تیری بارگاہ میں سجدوں اور تیری عظمت کے اعتراف کے جس دن سے تو نے دنیا تخلیق فرمائی

يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ *

قیامت کے دن تک ہر دن میں ہزار مرتبہ

وَاَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ عَدَدَ كُلِّ سَنَةٍ خَلَقْتَهُمْ

اور (اے اللہ) تو درود بھیج ان نبی ﷺ پر اور انکی مقدس آل پر سال کی تعداد کے مطابق جس

فِيْهَا مِنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَآ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِيْ كُلِّ

دن سے تو نے اس دنیا کو پیدا فرمایا اور اس سلسلہ کو قیامت کے دن تک جاری رکھ ہر

يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ *


دن میں ہزار مرتبہ

وَاَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ عَدَدَ السَّحَابِ الْجَارِيَةِ *

اور (اے اللہ) تو درود بھیج ان نبی ﷺ پر اور انکی مقدس آل پر برسنے والے بادلوں کی تعداد کے مطابق

وَاَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ عَدَدَ الرِّيَاحِ الذَّارِيَةِ مِنْ

اور (اے اللہ) تو درود بھیج ان نبی ﷺ پر اور انکی مقدس آل پر چلنے والی ہواؤں کے مطابق (اوراس سے بھی زیادہ)



يَّوْمَ خَلَقْتَ الدُّنْيَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِىْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ *

جس دن سے تو نے دنیا تخلیق فرمائی قیامت کے دن تک ہر دن میں ہزار مرتبہ

وَاَنْ تُصَلِّىَ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ عَدَدَ مَا هَبَّتِ الرِّيَاحُ

اور (اے اللہ) تو درود بھیج ان نبی ﷺ پر اور انکی مقدس آل پر اس تعداد میں (اس سے زیادہ) ان

عَلَيْهِ وَحَرَّكَتْهُ مِنَ الْاَغْصَانِ وَالْاَشْجَارِ وَاَوْرَاقِ الثِّمَارِ

ہواؤں کی تعداد نے جنہوں نے چل کر درختوں کو اور انکی شاخوں کو ہلایا اور درختوں

وَالْاَزْهَارِ وَعَدَدَ مَا خَلَقْتَ عَلٰى قَرَارِ اَرْضِكَ وَمَا بَيْنَ

کے پتوں پھلوں اور پھولوں کی تعداد اور ان چیزوں کی تعداد میں جنہیں تو نے زمین

سَمٰوٰتِكَ مِنْ يَّوْمَ خَلَقْتَ الدُّنْيَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِىْ كُلِّ

پر پیدا فرمایا اور ان چیزوں کی تعداد میں جو تیرے آسمانوں کے درمیان میں ہیں جو دنیا کے پیدا

يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ *

فرمانے سے قیامت تک (باقی رہیں گی) ہر دن میں ہزار مرتبہ

وَاَنْ تُصَلِّىَ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ عَدَدَ اَمْوَاجِ بِحَارِكَ مِنْ يَّوْمَ

اور (اے اللہ) تو درود بھیج ان نبی ﷺ پر اور انکی مقدس آل پر اور انکی مقدس آل پر تیرے پیدا فرمائے ہوئے دریاؤں

خَلَقْتَ الدُّنْيَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِىْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ *

(سمندروں، نہروں) کی لہروں کے مطابق (یا اس سے زیادہ) دنیا کے پیدا کرنے کے دن سے روز قیامت تک ہر دن میں ہزار بار

وَاَنْ تُصَلِّىَ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ عَدَدَ الرَّمْلِ وَالْحَصٰى وَكُلِّ

اور (اے اللہ) تو درود بھیج ان نبی ﷺ پر اور انکی مقدس آل پر ریت کے ذروں کنکریوں ہر پتھر اور مچھلیوں کی

حَجَرٍ وَّمَدَرٍ خَلَقْتَهٗ فِیْ مَشَارِقِ الْاَرْضِ وَمَغَارِبِهَا

تعداد کے مطابق (یا زیادہ) جنکو تو نے خطۂ زمین کے مشرقی سمتوں میں اور نرم اور

سَهْلِهَا وَجِبَالِهَا وَاَوْدِيَتِهَا مِنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَآ

سنگلاخ زمینوں میں اور وادیوں میں دنیا کی تخلیق کے دن سے قیامت کے دن

اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِیْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ *

تک تخلیق فرمایا اور فرمائے گا ہر دن میں ہزار مرتبہ

وَاَنْ تُصَلِّیَ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ عَدَدَ نَبَاتِ الْاَرْضِ فِیْ

اور (اے اللہ) تو درود بھیج ان نبی ﷺ پر اور انکی مقدس آل پر اور یہ کہ زمین کی جڑی بوٹیوں سے زمین کے قبلہ

قِبْلَتِهَا وَجَوْفِهَا وَشَرْقِهَا وَغَرْبِهَا وَسَهْلِهَا وَجِبَالِهَا

کی سمت وسط زمین مشرق و مغرب میں نرم زمین میں یا سنگلاخ وادیوں میں درختوں انکے پھلوں اور پتوں کھیتوں

مِنْ شَجَرٍ وَّثَمَرٍ وَّاَوْرَاقٍ وَّزَرْعٍ وَّجَمِيْعِ مَآ اَخْرَجَتْ

اور اس میں سے نکلنے والی جڑی بوٹیوں اور ان سے حاصل ہونے والی برکات (فوائد) کے علاوہ اور جو کچھ

وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا مِنْ نَّبَاتِهَا وَبَرَكَاتِهَا مِنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ

زمین سے نکلا یا جو نباتات اور ان سے حاصل ہونے والی برکات (فائدوں)

الدُّنْيَآ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِیْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ *

دنیا کے پیدا کرنے کے دن سے روز قیامت تک جنہیں تو نے بنایا (یا بنائے گا) انکی تعداد کے مطابق ہر دن میں ہزار مرتبہ

وَاَنْ تُصَلِّیَ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ مِنَ الْاِنْسِ

اور (اے اللہ) تو درود بھیج ان نبی ﷺ پر اور انکی مقدس آل پر اس تعداد کے برابر جس تعداد میں

وَالْجِنِّ وَالشَّيَاطِيْنِ وَمَا اَنْتَ خَالِقُهٗ مِنْهُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

تونے پیدا فرمایا انسانوں، جنوں اور شیاطین کو جس تعداد میں اور تو جنکو قیامت تک پیدا فرمائیگا (یا اس سے زیادہ)

فِيْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ *

دنیا کی تخلیق کے دن سے قیامت کے دن تک ہر دن میں ہزار مرتبہ

وَاَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ عَدَدَ كُلِّ شَعْرَةٍ فِيْٓ اَبْدَانِهِمْ

اور (اے اللہ) تو درود بھیج ان نبی ﷺ پر اور انکی مقدس آل پر اس مخلوق کی تعداد میں جنکا تذکرہ

وَوُجُوْهِهِمْ وَعَلٰى رُءُوْسِهِمْ مُّنْذُ خَلَقْتَ الدُّنْيَآ اِلٰى يَوْمِ

سابقہ سطور میں ہوا انکے بدنوں پر انکے چہروں پر انکے سروں کے بالوں کی تعداد کے مطابق جب سے دنیا کی تخلیق کے

الْقِيٰمَةِ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ *

دن سے قیامت کے دن تک ہر دن میں ہزار مرتبہ

وَاَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ عَدَدَ اَنْفَاسِهِمْ وَاَلْفَاظِهِمْ

اور (اے اللہ) تو درود بھیج ان نبی ﷺ پر اور انکی مقدس آل پر اور یہ کہ مذکورہ مخلوق کے سانسوں انکے بولے ہوئے الفاظ

وَاَلْحَاظِهِمْ مِنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَآ اِلٰى يَوْمِ

انکی اٹھی ہوئی نظروں کی تعداد کے مطابق جب سے انکی تخلیق ہوئی اور قیامت تک پیدائش ہوتی

الْقِيٰمَةِ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ *

رہے گی دنیا کی تخلیق کے دن سے قیامت کے دن تک ہر دن میں ہزار مرتبہ

وَاَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ عَدَدَ طَيَرَانِ الْجِنِّ

اور (اے اللہ) تو درود بھیج ان نبی ﷺ پر اور انکی مقدس آل پر جو تو نے جنوں کی پروازوں



وَخَفَقَانِ الْاِنْسِ مِنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَا اِلٰى

اور انسانوں کی حرکات کی تعداد کے مطابق دنیا کے پیدا کرنے کے دن سے

يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِىْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ *

روز قیامت تک پیدا فرمائیگا ہر دن میں ہزار بار درود و سلام بھیج (رحمتیں نازل فرما)

وَاَنْ تُصَلِّىَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ كُلِّ بَهِيْمَةٍ خَلَقْتَهَا

اور (اے اللہ) تو درود بھیج ان نبی ﷺ پر اور انکی مقدس آل پر تمام ان چوپائیوں کی تعداد کے مطابق جو زمین پر چلتے ہیں

عَلٰى اَرْضِكَ صَغِيْرَةً وَّكَبِيْرَةً فِىْ مَشَارِقِ الْاَرْضِ وَمَغَارِبِهَا

چھوٹے ہوں یا بڑے زمین کے مشرق میں ہوں یا مغرب میں جنکے بارے میں معلوم ہے

مِمَّا عَلِمَ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُ عِلْمَهٗ اِلَّا اَنْتَ مِنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَا

یا جنکا علم تیرے سوا اور کسی کو نہیں جو دنیا کے پیدا کرنے کے دن سے

اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِىْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ *

روز قیامت تک ہونگے ہر دن میں ہزار بار (یا اس سے بھی زیادہ)

وَاَنْ تُصَلِّىَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ

اور (اے اللہ) تو درود بھیج ان نبی ﷺ پر اور انکی مقدس آل پر درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ان لوگوں کی تعداد کے مطابق

وَعَدَدَ مَنْ لَّمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ وَعَدَدَ مَنْ يُّصَلِّىْ عَلَيْهِ

جو آپکی بارگاہ میں قیامت تک درود پڑھتے ہیں یا انکی تعداد کے مطابق جو آپکی بارگاہ میں درود نہیں پڑھتے

اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِىْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ *

یا قیامت تک درود پڑھنے کی سعادت حاصل کرینگے، ہر دن میں ہزار مرتبہ (یا اس سے زیادہ)



وَاَنْ تُصَلِّیَ عَلَيْهِ وَعَلٰٓی اٰلِهٖ عَدَدَ الْاَحْيَآءِ وَالْاَمْوَاتِ

اور (اے اللہ) تو درود بھیج ان نبی ﷺ پر اور انکی مقدس آل پر پر زندوں اور مردوں کی تعداد کے مطابق اور اُس

وَعَدَدَ مَا خَلَقْتَ مِنْ حِيْتَانٍ وَّطَيْرٍ وَّنَمْلٍ وَّنَحْلٍ وَّحَشَرَاتٍ *

تعداد میں جنھیں تو نے پیدا فرمایا مچھلیوں۔ پرندوں۔ چیونٹیوں۔ شہد کی مکھیوں اور زمین کے کیڑوں کی تعداد کے برابر

وَاَنْ تُصَلِّیَ عَلَيْهِ وَعَلٰٓی اٰلِهٖ فِی الَّيْلِ اِذَا يَغْشٰی

اور (اے اللہ) تو درود بھیج ان نبی ﷺ پر اور انکی مقدس آل پر اور آپ کی مقدس آل پر جب رات چھا جائے اور

وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰی *

جبکہ دن چمکنے لگے۔

وَاَنْ تُصَلِّیَ عَلَيْهِ وَعَلٰٓی اٰلِهٖ فِی الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰی *

اور (اے اللہ) تو درود بھیج ان نبی ﷺ پر اور انکی مقدس آل پر آپ کی مقدس آل پر دنیا اور آخرت میں

وَاَنْ تُصَلِّیَ عَلَيْهِ وَعَلٰٓی اٰلِهٖ عَدَدَ مُنْذُ كَانَ فِی الْمَهْدِ صَبِيًّا

اور (اے اللہ) تو درود بھیج ان نبی ﷺ پر اور انکی مقدس آل پر اور آپکی مقدس آل پر اسوقت سے جبکہ آپ ﷺ بچپن میں

اِلٰٓی اَنْ صَارَ كَهْلًا مَّهْدِيًّا فَقَبَضْتَهٗ اِلَيْكَ عَدْلًا مَّرْضِيًّا

گہوارے میں تھے پھر آپ ﷺ پختہ عمر راہنما ہوئے پھر اے پروردگار تو نے انہیں اپنے پاس بلالیا اس حال میں کہ آپ عادل اور پسندیدہ تھے

لِتَبْعَثَهٗ شَفِيْعًا حَفِيًّا *

تا کہ وتو انہیں کو شفیع اور مہربان بنا کر اٹھائے

وَاَنْ تُصَلِّیَ عَلَيْهِ وَعَلٰٓی اٰلِهٖ عَدَدَ خَلْقِكَ وَرِضٰی نَفْسِكَ

اور (اے اللہ) تو درود بھیج ان نبی ﷺ پر اور انکی مقدس آل پر آپ کی مقدس آل پر اپنی مخلوق کی تعداد کے مطابق اپنی ذات کی

وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ وَاَنْ تُعْطِيَهُ

خوشنودی کے اپنے عرش کے وزن کے برابر اور اپنے کلمات لکھے جانے کی روشنائیوں کی تعداد کے برابر اور اے پروردگار!

الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ وَالْحَوْضَ

ان نبی ﷺ کو وسیلہ اور فضیلت اور بلند مقام عطا فرما اور وہ حوض عطا فرما جس سے سب فیضیاب ہوں اور

الْمَوْرُوْدَ وَالْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ وَالْعِزَّ الْمَمْدُوْدَ وَاَنْ تُعَظِّمَ

آپ ﷺ کو مقام محمود عطا فرما اور ہمیشہ رہنے والی عزت سے سرفراز فرما اور آپکی (پیش کردہ) دلیلوں کی

بُرْهَانَهٗ وَاَنْ تُشَرِّفَ بُنْيَانَهٗ وَاَنْ تَرْفَعَ مَكَانَهٗ وَاَنْ

عظمت کو آشکارا فرما اور آپکی شان کو بلند فرما اور انکے رتبہ کو اونچا فرما اور اے پروردگار! تو ہمیں

تَسْتَعْمِلَنَا يَا مَوْلَانَا بِسُنَّتِهٖ وَاَنْ تُمِيْتَنَا عَلٰى مِلَّتِهٖ

آپ ﷺ کی سنتوں پر عمل کرنے والا بنادے اور ہمیں انکی ملت (اسلام) پر موت سے ہمکنار فرما

وَاَنْ تَحْشُرَنَا فِيْ زُمْرَتِهٖ وَتَحْتَ لِوَآئِهٖ وَاَنْ تَجْعَلَنَا

اور ہمیں روز قیامت انکے زمرہ میں اور انکے پرچم تلے اٹھانا اور ہمیں نبئ کریم ﷺ کے

مِنْ رُّفَقَآئِهٖ وَاَنْ تُوْرِدَنَا حَوْضَهٗ وَاَنْ تَسْقِيَنَا بِكَاْسِهٖ


رفقاء میں شامل فرمادے اور ہمیں حوض کوثر پر پہنچا کر آپ کے ساغر سے سیرابی عطا فرمادے اور

وَاَنْ تَنْفَعَنَا بِمَحَبَّتِهٖ وَاَنْ تَتُوْبَ عَلَيْنَا وَاَنْ تُعَافِيَنَا

ہمیں آپ ﷺ کی محبت سے فیضیاب فرما ہماری توبہ کو قبول فرما اور ہمیں تمام

مِنْ جَمِيْعِ الْبَلَآءِ وَالْبَلْوَآءِ وَالْفِتَنِ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ

بلاؤں مصیبتوں باطنی اور ظاہری فتنوں سے محفوظ فرما



وَاَنْ تَرْحَمَنَا وَاَنْ تَعْفُوَ عَنَّا وَتَغْفِرَ لَنَا وَلِجَمِيْعِ

ہم پر رحم فرما ہمارے گناہوں کو معاف فرما ہماری مغفرت فرما بشمول تمام

الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْيَآءِ

مومن مردوں اور خواتین مسلمان مردوں اور مسلمان خواتین

مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ *

زندوں اور مرے ہوؤں کو اور تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے

وَهُوَ حَسْبِيْ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا

تو ہی میرے (دعا کرنے والے کے لئے) لئے کافی ہے وہی پروردگار بہترین کارساز ہے اے پروردگار گناہ سے بچنے اور نیکی کرنے کی نہ

بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ *

میرے پاس طاقت وقوت ہے تیرے اوپر ہی بھروسہ ہے تو ہی بزرگ و برتر ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ اور مقدس آل محمد ﷺ پر

مَّا سَجَعَتِ الْحَمَآئِمُ وَحَمَتِ الْحَوَآئِمُ وَسَرَحَتِ الْبَهَآئِمُ

جب تک کہ کبوتر زمزمہ سرائی کرتے رہیں اور چاروں سمت پرندے محو پرواز ہوں چوپائے چرتے رہیں

وَنَفَعَتِ التَّمَآئِمُ وَشُدَّتِ الْعَمَآئِمُ وَنَمَتِ النَّوَآئِمُ *

اور تعویذ فائدے پہنچاتے رہیں اور عمامے باندھے جائیں اور اگنے والی چیزیں اگتی رہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ اور مقدس آل محمد ﷺ پر

مَآ اَبْلَجَ الْاِصْبَاحُ وَهَبَّتِ الرِّيَاحُ وَدَبَّتِ الْاَشْبَاحُ وَ

اور آپ کی مقدس آل پر جب تک صبح روشن ہو ہوائیں چلتی رہیں اور اجسام حرکت کریں

تَعَاقَبَ الْغُدُوُّ وَالرَّوَاحُ وَتُقُلِّدَتِ الصِّفَاحُ وَاعْتُقِلَتِ

اور صبح و شام پے در پے آتے (جاتے) رہیں تلواریں حمائل میں ہوں نیزے

الرِّمَاحُ وَصَحَّتِ الْاَجْسَادُ وَالْاَرْوَاحُ *

لپیٹ دئے جائیں اجسام اور روحیں درست (صحت مند) رہیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر اور آپ کی مقدس آل پر

مَا دَارَتِ الْاَفْلَاكُ وَدَجَتِ الْاَحْلَاكُ وَسَبَّحَتِ الْاَمْلَاكُ *

جب تک آسمان گردش میں رہیں اور راتیں تاریک رہیں اور فرشتے تیری تسبیح میں مشغول رہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر اور آپ کی مقدس آل پر

كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى سَيِّدِنَآ اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ


جیسے کہ تو نے رحمتیں نازل فرمائیں ہمارے سردار ابراہیم (علیہ السلام) اور انکی مقدس آل اور برکتیں نازل فرما ہمارے آقا محمد ﷺ پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى سَيِّدِنَآ اِبْرَاهِيْمَ

اور مقدس آل محمد ﷺ پر جیسا کہ تو نے برکتیں نازل فرمائیں (تھیں) ابراہیم (علیہ السلام) اور انکی مقدس آل پر

فِى الْعٰلَمِيْنَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ *

تمام جہانوں میں بیشک تیری ذات لائق ستائش اور بزرگی والی ہے



اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر اور مقدس آل محمد ﷺ پر

مَّا طَلَعَتِ الشَّمْسُ وَمَا صُلِّيَتِ الْخَمْسُ وَمَا تَاَلَّقَ

جب تک سورج چمکتا رہے اور جب تک پانچوں (وقت کی) نمازیں پڑھی جاتی رہیں اور جب تک

بَرْقٌ وَّتَدَفَّقَ وَدْقٌ وَّمَا سَبَّحَ رَعْدٌ *

بجلی چمکتی رہے اور بارش برستی رہے اور جب تک بجلی تسبیح پڑھتی رہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر اور مقدس آل محمد ﷺ پر

مِّلْاَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمِلْاَ مَا بَيْنَهُمَا وَمِلْاَ مَا

آسمانوں، زمینوں اور ان دونوں کے درمیان فضا کی پُری کے برابر،

شِئْتَ مِنْ شَيْءٍ بَعْدُ *

اورانکے علاوہ جس چیز کی پُری (مقدار) کے برابر تو چاہے۔

اَللّٰهُمَّ كَمَا قَامَ بِاَعْبَآءِ الرِّسَالَةِ وَاسْتَنْقَذَ الْخَلْقَ مِنَ

اے اللہ درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر اور آپ کی مقدس آل پر جس طرح رسالت کی ذمہ داریوں کے ساتھ

الْجَهَالَةِ وَجَاهَدَ اَهْلَ الْكُفْرِ وَالضَّلَالَةِ وَدَعَآ اِلٰى

آپ مستقل مزاجی سے کھڑے رہے اور آپ نے کافروں اور گمراہوں سے جہاد فرمایا اور اور تیری توحید کی طرف بلاتے رہے

تَوْحِيْدِكَ وَقَاسَى الشَّدَآئِدَ فِيْٓ اِرْشَادِ عَبِيْدِكَ فَاَعْطِهٖ

اور تیرے بندوں کو ہدایت کرنے میں تکلیفوں (مشقتوں) کو برداشت کیا اور (اس سلسلہ میں) جو کچھ آپ نے (دعائیں) طلب فرمایا



اللّٰهُمَّ سُؤْلَهُ وَبَلِّغْهُ مَأْمُوْلَهُ وَاٰتِهِ الْفَضِيْلَةَ وَالْوَسِيْلَةَ

اے اللہ وہ تو انکو عطا فرما اور انہیں ان کے مقاصد میں کامیابی عطا فرما اور آپ ﷺ کو فضیلت وسیلہ

وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ وَابْعَثْهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الَّذِىْ

اور بلند مقام عطا فرما دے اور انہیں اس مقام محمود پر فائز فرما جسکا تو نے ان سے

وَعَدْتَّهٗ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ *

وعدہ فرمایا۔ اے اللہ بیشک تو وعدہ خلافی نہیں فرماتا۔

اَللّٰهُمَّ وَاجْعَلْنَا مِنَ الْمُتَّبِعِيْنَ لِشَرِيْعَتِهٖ الْمُتَّصِفِيْنَ بِمَحَبَّتِهٖ

اے اللہ ہمیں ان (ﷺ) کی شریعت کا اتباع کرنے والا بنا جو آپکی ذات کے ساتھ محبت کرنے والوں

الْمُهْتَدِيْنَ بِهَدْيِهٖ وَسِيْرَتِهٖ وَتَوَفَّنَا عَلٰى سُنَّتِهٖ

کی صفت سے متصف ہیں اور آپ ﷺ سے ہدایت یافتہ ہیں اور آپ کی سیرت کی اتباع کرنے والے ہیں پروردگار ہمیں آپ کی سنت کے اتباع پر موت عطا فرما۔

وَلَا تَحْرِمْنَا فَضْلَ شَفَاعَتِهٖ وَاحْشُرْنَا فِىْ اَتْبَاعِهٖ

اور ہمیں آپ کی شفاعت کے فیض سے محروم نہ فرما اور ہمارا حشر ان لوگوں کے ساتھ فرما

الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ وَاَشْيَاعِهِ السَّابِقِيْنَ وَاَصْحَابِ الْيَمِيْنِ

جنکی پیشانیاں اور ہاتھ پاؤں چمکتے دمکتے ہوں گے۔ اور ان گزرے ہوئے (بزرگوں) کے ساتھ جنکے نامہ اعمال دائیں ہاتھ میں ہوں

يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ *

اے سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم فرمانے والے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَلَآئِكَتِكَ وَالْمُقَرَّبِيْنَ وَعَلٰى اَنْبِيَآئِكَ

اے اللہ درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) اپنے فرشتوں اور (اپنے) مقرب بندوں اور تمام انبیاء



وَالْمُرْسَلِيْنَ وَعَلٰٓى اَهْلِ طَاعَتِكَ اَجْمَعِيْنَ وَاجْعَلْنَا

و مرسلین پر اور اپنی اطاعت کرنے کے علاوہ سب نیکو کاروں پر اور اس درود کے طفیل

بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِمْ مِّنَ الْمَرْحُوْمِيْنَ *

ہمیں ان لوگوں میں سے بنادے جن پر تو نے رحم فرمایا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمَبْعُوْثِ مِنْ تِهَامَةَ

اے اللہ درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر جنہیں تو نے تہامہ (مکہ) میں مبعوث

وَالْاٰمِرِ بِالْمَعْرُوْفِ وَالْاِسْتِقَامَةِ وَالشَّفِيْعِ لِاَهْلِ الذُّنُوْبِ

فرمایا جنہوں نے نیکیوں کا حکم فرمایا اور استقامت کا درس دیا اور وہ ذات اقدس جو قیامت

فِىْ عَرَصَاتِ الْقِيٰمَةِ *

میں گناہ گاروں کی شفاعت فرمائیں گے

اَللّٰهُمَّ اَبْلِغْ عَنَّا نَبِيَّنَا وَشَفِيْعَنَا وَحَبِيْبَنَآ اَفْضَلَ الصَّلٰوةِ

اے اللہ ہماری طرف سے ہمارے نبیٔ (مکرم) ہمارے شفیع اور ہمارے سب سے زیادہ محبوب پر بہترین درود

وَالتَّسْلِيْمِ وَابْعَثْهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الْكَرِيْمَ وَاٰتِهِ

و سلام اور انہیں معزز مقام محمود پر فائز فرما اور انہیں

الْفَضِيْلَةَ وَالْوَسِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ الَّتِىْ وَعَدْتَّهٗ

فضیلت اور وسیلہ اور وہ بلند مقام عطا فرما جسکا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے

فِى الْمَوْقِفِ الْعَظِيْمِ *

موقف عظیم میں (یعنی روز قیامت) اور درود بھیج (رحمتیں نازل فرما)



اَللّٰهُمَّ وَصَلِّ عَلَيْهِ صَلٰوةً دَآئِمَةً مُّتَّصِلَةً تَتَوَالٰى وَتَدُوْمُ *

اے اللہ اے پروردگار آپ ﷺ پر ایسا درود جو ہمیشہ رہنے والا پیہم (پے درپے) اور ہمیشہ رہنے والا ہو

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ مَالَاحَ بَارِقٌ وَّذَرَّ شَارِقٌ

اے اللہ درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) (ہمارے آقا) محمد ﷺ پر اور آپ کی مقدس آل پر جب تک کہ بجلی چمکتی رہے

وَّوَقَبَ غَاسِقٌ وَّانْهَمَرَ وَادِقٌ *

اور سورج چمکتا رہے راتیں اندھیری رہیں اور بارش برستی رہے

اَللّٰهُمَّ وَصَلِّ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ مِلْءَ اللَّوْحِ وَالْفَضَآءِ

اے اللہ اور درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) آپ ﷺ کی ذات اقدس پر اور انکی مقدس آل پر لوح (محفوظ) اور فضا کی

وَمِثْلَ نُجُوْمِ السَّمَآءِ وَعَدَدَ الْقَطْرِ وَالْحَصٰى وَصَلِّ عَلَيْهِ

وسعتوں کے مطابق آسمان کے ستاروں کی تعداد کے مطابق بارش کے قطروں اور کنکروں کی تعداد میں، اور درود بھیج (رحمتیں نازل فرما)

وَعَلٰى اٰلِهٖ صَلٰوةً لَّا تُعَدُّ وَلَا تُحْصٰى *

آپ ﷺ کی ذات اقدس پر اور انکی آل پر ایسا درود جو شمار اور اندازے سے زیادہ ہو

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِ زِنَةَ عَرْشِكَ وَمَبْلَغَ رِضَاكَ

اے اللہ درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) آپ ﷺ پر اپنے عرش کے وزن کے برابر اور اپنی رضا کے اندازہ کے مطابق

وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ وَمُنْتَهٰى رَحْمَتِكَ *

اپنے کلمات کی روشنائی کی مقدار کے مطابق اور اپنی رحمتوں کی انتہاء کے مطابق

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَبَارِكْ عَلَيْهِ

اے اللہ درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) آپ ﷺ پر آپ کی مقدس آل اور ازواج مطہرات اور آپ کی ذریت پر اور برکتیں نازل فرما

وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ وَبَارَكْتَ

آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ کی مقدس آل و ازواج مطہرات اور ذریت پر جسطرح کہ تو نے رحمتیں اور برکتیں نازل فرمائیں

عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ

ہمارے سردار ابراہیم (علیہ السلام) اور انکی مقدس آل پر بیشک تیری ذات بزرگ و برتر

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ وَّجَازِهٖ عَنَّا اَفْضَلَ مَا جَازَيْتَ نَبِيًّا

اور لائق ستائش ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہماری طرف سے ایسی بہترین جزا عطا فرما جو تو نے کسی نبی کو

عَنْ اُمَّتِهٖ وَاجْعَلْنَا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ بِمِنْهَاجِ شَرِيْعَتِهٖ

انکی امت کی طرف جزا عطا کی اور ہمیں ان ہدایت یافتہ لوگوں میں شامل فرمادے جنہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت

وَاهْدِنَا بِهَدْيِهٖ وَتَوَفَّنَا عَلٰى مِلَّتِهٖ وَاحْشُرْنَا يَوْمَ

پر چل کر ہدایت پائی اور ہمیں آپکی ہدایت کی راہ پر رکھ اور ہمیں آپکی ملت (اسلام) پر موت دے اور ہمیں

الْفَزَعِ الْاَكْبَرِ مِنَ الْاٰمِنِيْنَ فِيْ زُمْرَتِهٖ وَاَمِتْنَا عَلٰى حُبِّهٖ

گھبراہٹ میں ڈالنے والے (قیامت کے) دن امن پانے والوں میں شامل فرما جو آپ کے زمرہ میں ہوں اور ہمیں انکی اور

وَحُبِّ اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ *

اور انکی آل اور صحابہ کرام اور ذریت کی محبت میں موت سے ہمکنار فرما۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلِ اَنْبِيَآئِكَ وَاَكْرَمِ

اے اللہ درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر جو تیرے تمام نبیوں سے افضل اور تیرے تمام برگزیدہ لوگوں

اَصْفِيَآئِكَ وَاِمَامِ اَوْلِيَآئِكَ وَخَاتَمِ اَنْبِيَآئِكَ وَحَبِيْبِ

میں سب سے افضل مکرم (عزت والے) تیرے تمام اولیاء (دوستوں) کے امام تیرے تمام نبیوں میں سب سے بعد میں مبعوث ہونے والے اور تمام عالموں



رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَشَهِيْدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَشَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ

کے رب کے محبوب تمام رسولوں کے گواہ گناہگاروں کی شفاعت فرمانے والے اور

وَسَيِّدِ وُلْدِ سَيِّدِنَا اٰدَمَ اَجْمَعِيْنَ الْمَرْفُوْعِ الذِّكْرِ

آدم (علیہ السلام) کی تمام اولاد کے سردار جنکا تذکرہ تمام مقرب فرشتوں میں

فِي الْمَلَآئِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ الْبَشِيْرِ النَّذِيْرِ السِّرَاجِ الْمُنِيْرِ

بلند کیا گیا (جنت کی) خوشخبری دینے والے عذاب سے ڈرانے والے تمام

الصَّادِقِ الْاَمِيْنِ الْحَقِّ الْمُبِيْنِ الرَّءُوْفِ الرَّحِيْمِ الْهَادِيْ

کائنات کو منور فرمانے والے سچے ہمیشہ امانت دار حق بیان کرنے والے بڑے مہربان رحم فرمانے والے سیدھے راستے کی

اِلَى الصِّرَاطِ الْمُسْتَقِيْمِ الَّذِيْ اٰتَيْتَهُ سَبْعًا مِّنَ

ہدایت فرمانے والے جنہیں تو نے سات آیتیں (سورہ فاتحہ) عطا فرمائیں

الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ وَهَادِي

اور قرآن کریم عطا فرمایا نبی رحمت امت کو

الْاُمَّةِ اَوَّلِ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْاَرْضُ وَيَدْخُلُ الْجَنَّةَ

ہدایت سے نوازنے والے (قیامت کے دن) جب زمین شق ہوگی تو روضہ مبارک سے سب سے پہلے اٹھنے والے اور جنت میں داخل ہونے والے

وَالْمُؤَيَّدِ بِسَيِّدِنَا جِبْرِيْلَ وَسَيِّدِنَا مِيْكَآئِيْلَ الْمُبَشَّرِ

جنکی تائید ہمارے سردار جبریل امین اور ہمارے سردار میکائیل (عَلَيْهِمَا الصَّلٰوةُ وَالسَّلَام) کے ذریعہ کرائی گئی

بِهٖ فِي التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ الْمُصْطَفَى الْمُجْتَبٰى

تورات و انجیل میں جنکی (آمد کی) بشارت دی گئی کہ مصطفی مجتبی



الْمُنْتَخَبِ اَبِي الْقَاسِمِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

اور منتخب ابو القاسم ہمارے آقا محمد ﷺ بن عبد اللہ

بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ هَاشِمٍ *

جو عبدالمطلب اور وہ ہاشم کے بیٹے (علیہم الرضوان) ہیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَلَآئِكَتِكَ وَالْمُقَرَّبِيْنَ الَّذِيْنَ

اے اللہ درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) اپنے ملائکہ اور مقربین پر جو شب و روز تیری

يُسَبِّحُوْنَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ لَا يَفْتُرُوْنَ وَلَا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ

تسبیح میں مشغول رہتے ہیں جو نہ تو سستی کرتے ہیں اور نہ اے اللہ کریم تیری نافرمانی کرتے ہیں

مَآ اَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ *

جو انہیں حکم (الٰہی) ہوتا ہے اس پہ عمل کرتے ہیں

اَللّٰهُمَّ وَكَمَا اصْطَفَيْتَهُمْ سُفَرَآءَ اِلٰى رُسُلِكَ وَاُمَنَآءَ عَلٰى

اے اللہ جس طرح تو نے ان (فرشتوں) کو اپنے رسولوں کی طرف اپنا سفیر بنایا

وَحْيِكَ وَشُهَدَآءَ عَلٰى خَلْقِكَ وَخَرَقْتَ لَهُمْ كُنُفَ حُجُبِكَ

اور اپنی وحی کا امین اور اپنی مخلوق پر گواہ بنایا اور تو نے اپنی حجابات کے کناروں کو چاک

وَاَطْلَعْتَهُمْ عَلٰى مَكْنُوْنِ غَيْبِكَ وَاخْتَرْتَ مِنْهُمْ خَزَنَةً

کیا اور انہیں (فرشتوں کو) اپنے غیب (رازوں) سے آگاہ فرمایا اور تو نے ان میں بعض (فرشتوں) کو اپنی

لِّجَنَّتِكَ وَحَمَلَةً لِّعَرْشِكَ وَجَعَلْتَهُمْ مِّنْ اَكْثَرِ جُنُوْدِكَ

جنت کا نگہبان بنایا اور بعض کو اپنا عرش کا اٹھانے والا بنایا اور ان (فرشتوں) کو اپنا لشکر بنایا اور تو نے

وَفَضَّلْتَهُمْ عَلَى الْوَرٰى وَاَسْكَنْتَهُمُ السَّمٰوٰتِ الْعُلٰى

ان (فرشتوں) کو اپنی مخلوق پر فضیلت عطا فرمائی اور تو نے ان کو بلند آسمانوں پر آباد کیا

وَنَزَّهْتَهُمْ عَنِ الْمَعَاصِىْ وَالدَّنَآءَاتِ وَقَدَّسْتَهُمْ عَنِ

اور انہیں بری عادتوں اور لغزشوں سے پاک کیا اور انہیں کوتاہیوں

النَّقَآئِصِ وَالْاٰفَاتِ فَصَلِّ عَلَيْهِمْ صَلٰوةً دَآئِمَةً

اور آفتوں سے پاکیزہ (محفوظ) رکھا پس (اے پروردگار) ان سب پر ایسی رحمتیں نازل

تَزِيْدُهُمْ بِهَا فَضْلًا وَّتَجْعَلُنَا لِاِسْتِغْفَارِهِمْ بِهَآ اَهْلًا *

فرما (درود بھیج) جو ہمیشہ باقی رہیں جو انکے لئے فضیلت اور بزرگی کا سبب بنیں اور انہیں ہمارے لئے مغفرت کا سبب بنادے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى جَمِيْعِ اَنْبِيَآئِكَ وَرُسُلِكَ الَّذِيْنَ شَرَحْتَ

اے اللہ درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) اپنے تمام نبیوں اور رسولوں پر جنکے سینوں کو

صُدُوْرَهُمْ وَاَوْدَعْتَهُمْ حِكْمَتَكَ وَطَوَّقْتَهُمْ نُبُوَّتَكَ

تو نے کھول دیا ہے اور امانت کے طور پر تو نے حکمت ان کو عطا فرمائی اور اپنی نبوت کا طوق (ہار) پہنایا

وَاَنْزَلْتَ عَلَيْهِمْ كُتُبَكَ وَهَدَيْتَ بِهِمْ خَلْقَكَ وَدَعَوْا

اور ان پر اپنی کتابیں نازل فرمائیں اور ان کے ذریعے اپنی مخلوق کو ہدایت سے نوازا جنہوں

اِلٰى تَوْحِيْدِكَ وَشَوَّقُوْآ اِلٰى وَعْدِكَ وَخَوَّفُوْا مِنْ وَّعِيْدِكَ

نے مخلوق کو تیری وحدانیت کی طرف بلایا۔ اور تیرے وعدوں کا انہیں شوق دلایا اور تیرے خوف سے ڈرایا

وَاَرْشَدُوْآ اِلٰى سَبِيْلِكَ وَقَامُوْا بِحُجَّتِكَ وَدَلِيْلِكَ *

اور تیرے راستہ کی طرف رہنمائی کی اور تیری عطا کردہ دلیلوں اور حجتوں پر قائم رہے

اَللّٰهُمَّ وَسَلِّمْ عَلَيْهِمْ تَسْلِيْمًا وَّهَبْ لَنَا بِالصَّلٰوةِ

